## سوال

(207)جناب ایڈیٹر اہل حدیث نے تفسیر عربی کے بعض مقامات کو بایما سلطان نجد تبدیل کردیا؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کسی کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ جناب ایڈیٹر اہل حدیث نے تفسیر عربی کے بعض مقامات کو بایما سلطان نجد تبدیل کردیا۔ اگر یہ درست ہو تو جدید اور سابقہ دونوں تفسیروں سے اصح کون ہے۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سلطانی دربار میں حسب صوابدید علماء نجد پر لازم کیا گیا تھا کہ میں آیت ''استویٰ'' کی تفسیر سلف محدثین کے موافق کردوں اور اس پر ایک حاشیہ لکھوں۔ چنانچہ میں نے یہ لازم ادا کردیا۔ اور حاشیہ بھی لکھ دیا۔ آپ دونوں کو دیکھ کر فرق بتایئے گا۔ تو آپ کے سوال پر غور کیا جائے گا۔ ورنہ کہا جائے گا۔ لو قراءتہ لوجدتہ

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص155

محدث فتویٰ